# کریڈٹ کارڈ

<"xml encoding="UTF-8?>

کریڈٹ کارڈ

١-سوال: میں بینک سے کریڈٹ کارڈ بنوانا چاھتا ہوں جسے (ویزا یا ماسٹر کارڈ) کہا جاتا ہے، تا کہ میرے بعض مالی امور میں آسانی ہوجائے اور میں خرید و فروخت، بالخصوص انٹرنیٹ سے خریداری کر سکوں ،یہ کارڈ بینک سے ایک قرض کی طرح ہے جسکی ادائیگی میں بعد میں کروں گا اور اسکی شرائط بینک نے مقرر کر رکھی ہیں جن میں سے یہ ہے کہ

١ بینک ہر بارکریڈٹ کارڈ کے استعمال سے پیسہ نکالنے پر معینہ نسبت سے پیسے لے گا۔

٢ قرض کی قسطوں کو ادائگی کرنے میں ایک ماہ یا معینہ مدت سے زیادہ تاخیر کی صورت میں بینک جرمانہ کہ طور پر اضافی مبلغ لے گا ۔

جواب: اس طرح کا کارڈ بنوانے اور اسے استعمال کرنے میں بذات خود کوئی حرج نہیں لیکن قرض کی ادائیگی میں تاخیر کہ مقابل اضافی مال دینا اگر بنک کی شرط ہے تو یہ شرط باطل اور حرام ہے۔